SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**

For immediate release

August 11, 2023

ایس ای سی پی نے کیپیٹل مارکیٹ کے اداروں کے چیف ایگزیکٹو کی ٹرم کی حد مقرر کر دی

اسلام آباد(11 اگست )سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے کیپیٹل مارکیٹ انفراسٹکچر کے اداروں، پاکستان اسٹاک ایکسچینج، سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی، نیشنل کلئرنگ کمپنی اور مرکنٹائل ایکسچینج کے چیف ایگزیکٹو افسران اور انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز کی مدت اور زیادہ سے زیادہ ٹرم کی حد مقرر کر دیں ہیں۔اس سلسلے میں ان اداروں کے لائسنسنگ کی شرائط میں ترامیم کی منظوری دے دی گئی ہے۔ان ادروں کے اعلی عہدیداران کی مدت اور ٹرم مقرر کرنے کا مقصد، اداروں میں بہترین گورننس اور شفافیت کو فروغ دینا ہے۔

کیپیٹل مارکیٹ کے انفراسٹکچر کے اداروں کی چیف ایگزیکٹوز زیادہ سے زیادہ تین مرتبہ تعینات ہو سکیں گے جبکہ تیسری مرتبہ تعیناتی کارکردگی کی بنیاد پر باقاعدہ جانچ کے پراسیس کے بعد دی جائے گی۔ جبکہ انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز دو مرتبہ سے زیادہ کسی ایک کمپنی کے بورڈ پر تعینات نہیں ہو سکیں گے۔

چیئرمین ایس ای سی پی عاکف سعید اور ایس ای سی پی کے سکیورٹیز مارکیٹ کے کمشنر عبدلرحمان وڑائچ اور دیگر حکام نے کیپیٹل مارکیٹ انفراسٹکچر کے اداروں میں اصلاحات کے سلسلے میں پاکستان اسٹاک ایکسچینج، مرکنٹائل ایکسچینج، سینٹرل ڈیپازٹری اور کلئرینگ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز سے جامع مشاورت کی۔چیئرمین ایس ای سی پی عاکف سعید نے کیپیٹل مارکیٹ میں نئی متنوع مصنوعات کے اجراء اور سرمایہ کاروں کی آن لائن آن بورڈنگ کے لئے ان تمام اداروں کی مشترکہ کاوشوں کی ضرورت پر زور دیا۔